مسائل کو قومی اسمبلی کے اندر اٹھائیں۔ جناب سپیکر صاحب! میں نہیں سمجھتا کہ میں پاکستان مسلم لیگ نون کا ممبر صوبائی اسمبلی ہوں اور شاہ فرمان صاحب کی اور عنایت اللہ خان صاحب کی بات میں نے سنی ہے کہ یہاں پر یقیناً یہ بہت بڑا فورم ہے، صوبے کے مسائل کو اجاگر کرنے کیلئے، اگر یہ اپنے ممبران قومی اسمبلی کو یہ کہہ دیں کہ اس ایشو کو وہ وہاں پر اٹھائیں تو میری پارٹی کا بھی ہے، تحریک انصاف کا بھی ہے، پی پی پی کا بھی ہے، اے این پی کا بھی ہے، جے یو آئی کا اور قومی وطن پارٹی کا، تمام سیاسی جماعتوں کا اور صوبہ بھر کے عوام کا یہ ایشو ہے، اگر وہ اس ایشو کو قومی اسمبلی کے اندر اٹھالیں تو میرے خیال کے مطابق وہ فورم اس کیلئے بہت زیادہ موزوں ہے۔ میں قطعاً پیسکو کا دفاع یہاں پر نہیں کرتا جناب سپیکر صاحب! میں سمجھتا ہوں کہ اس صوبے کے عوام کو پیسکو کی طرف سے بہت زیادہ تکلیف میں مبتلا در مبتلا کیا جاتا ہے۔ جناب سپیکر صاحب! میں یہ بات بھی کہتے ہوئے فخر محسوس کرتا ہوں کہ آج سے دو سال پہلے جو اس ملک میں لوڈشیڈنگ کی حالت تھی، آج خدا کے فضل و کرم سے ان دو سالوں میں اس میں کمی آئی ہے۔ جناب سپیکر صاحب! میرا بھائی یہ کہہ رہا تھا "اک پھاراتے بھاؤں چنگا ہے، پر دووا نہی چنگا" پنجاب بہت اچھا ہے، مرکز اچھا نہیں ہے، پاکستان ٹوٹنے کی طرف جارہا ہے، میں ان کو بتانا چاہتا ہوں کہ الحمدللہ یہ ملک پاکستان مسلم لیگ نے حاصل کیا تھا اور اس کا دفاع بھی پاکستان مسلم لیگ نون ہی کرے گی ان شاء اللہ خدا کے فضل و کرم سے، اس کے اوپر کوئی آنچ نہیں آنے دیں گے۔ جناب سپیکر صاحب! اس میں کوئی شک نہیں کہ تمام ممبران صوبائی اسمبلی نے اپنے اپنے فنڈز ٹرانسفارمرز کیلئے جمع کئے، کھمبوں کیلئے جمع کئے اور دوسری بجلی کی ضروریات کیلئے جمع کئے جو ملنے میں، عوام کی دشواری دور کرنے میں پیسکو رکاوٹ ہے، میں خود بھی مرکزی وزراء اور وزیراعظم صاحب اور گورنر صاحب کے نوٹس میں یہ بات لاؤں گا کہ ہر اجلاس میں پیسکو کی وجہ سے مرکزی حکومت کے اوپر تنقید کی جاتی ہے، اس میں کوئی شک نہیں جناب سپیکر صاحب! کہ واپڈا مرکزی گورنمنٹ کے Under آتا ہے لیکن جناب سپیکر صاحب! ذرا صوبائی محکموں کے اوپر بھی ہمیں نظر ڈالنی چاہیئے۔ اس دن میرے ایک دوست نے کہا کہ عابد شیر علی کو استعفیٰ دینا چاہیئے اسلئے کہ پیسکو صحیح کام نہیں کر رہا، اگر جناب سپیکر صاحب! پیسکو صحیح کام نہیں کر رہا اور ہم عابد شیر علی سے تحریک انصاف والے استعفیٰ مانگتے ہیں تو میں تحریک انصاف کے تمام صوبائی وزراء سے استعفیٰ مانگنے میں حق بجانب ہوں کہ کوئی صوبائی محکمہ ان وزراء کی نہیں سنتا اور صوبے کے مسائل جوں کے توں پڑے ہوئے ہیں۔ میں جناب سپیکر صاحب! یہ بات بھی یہاں کرنا چاہتا ہوں، بہت ہو گیا اس سے پہلے کہ مرکزی حکومت کے اوپر یہ

صوبائی حکومت اپنا بوجھ ڈالتی ہے، مرکزی حکومت صوبائی حکومت کے اوپر اپنا بوجھ ڈالتی ہے، جناب سپیکر صاحب! تحریک انصاف کو صوبے میں اور مسلم لیگ نون کو مرکز میں عوام نے اپنے مسائل کے حل کیلئے ووٹ دیا ہے، اسمبلیوں میں بھیجا ہے، اب یہ سودا نہیں بکے گا کہ ہم اپنا گند ان کے اوپر ڈالیں، یہ اپنا گند ہمارے اوپر ڈالیں، خدارا، میں درخواست کرتا ہوں صوبائی حکومت سے کہ مل کے صوبے کے عوام کو مشکلات سے نکالا جائے، مل کر صوبے کے عوام کو ان مشکلات سے نکالا جائے۔ جناب سپیکر صاحب، 2013 کا جو الیکشن ہوا ہے، اس الیکشن میں اس ملک کے عوام نے اور اس صوبے کے عوام نے دو ایشوز کے اوپر ووٹ دیئے ہیں، تمام سیاسی پارٹیوں کو، ایک دہشتگردی کے اوپر، ایک لوڈشیڈنگ کے اوپر۔ الحمد للہ، یہ صوبہ دہشتگردی کی آگ میں جل رہا تھا، اس کا کریڈٹ نواز شریف کو جاتا ہے، آج خدا کے فضل سے پورا ملک امن کی طرف جا رہا ہے اور راحیل شریف کو، پاکستان آرمی کو اور ہماری تمام فورسز کو کہ جنہوں نے صوبے میں امن قائم کرنے کیلئے بے تحاشا قربانیاں دی ہیں۔ جناب سپیکر صاحب! پھر بھی میں نے بات لمبی کر دی، آپ کا وقت میں نے ضائع کیا، میں۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی جی، آپ بات بس ختم کریں۔

<u>سردار اورنگزیب نلوٹھا:</u> جناب سپیکر صاحب! یہ جو ایشو ہے، پیسکو کے خلاف جو بھی صوبائی حکومت کارروائی کرے گی، ہم اس کا بھرپور ساتھ دیں گے۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> عاطف خان!

<u>سردار اورنگزیب نلوٹھا:</u> اور جو بھی محکمہ صوبائی حکومت کا غلط کام کرے گا، انہیں بھی ہمارا ساتھ دینا ہوگا۔

<u>جناب سپیکر:</u> عاطف خان!

<u>جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم):</u> بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ نلوٹھا صاحب نے آخر میں بہت اچھی زبردست بات کی، باقی ڈیٹیلز میں میں نہیں جاؤں گا لیکن تھوڑی سی Statistics کے مطابق میں بات کروں گا، کچھ مسائل ہیں ہمارے، یہ سارے ممبران کے، صرف حکومت کے نہیں ہیں اور اس میں Natural justice کا عنصر، اس کی نفی ہو رہی ہے کہ اگر مجھے میرے گناہ کی سزا ملتی ہے تو ٹھیک ہے مجھے اس کیلئے تیار ہونا چاہیئے۔ اگر چور چوری کرتا ہے تو اسے پتہ ہوتا ہے کہ جی کل کو مجھے پکڑا جائے گا تو پھر اس کو سزا بھی ملتی ہے لیکن اسے پتہ ہوتا ہے کہ میں چوری کر رہا ہوں، لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ یہ جتنے بھی یہاں پر ممبران بیٹھے ہوئے ہیں، ان کو اس گناہ کی سزا دی جاتی ہے کہ جو کہ انہوں نے نہیں

کیا، پیسکو اپنی نااہلی یا واپڈا یا فیڈرل گورنمنٹ کا ادارہ یا جو بھی ہے، نالائقی ان کی ہے، گناہ ان کا ہے اور ذلیل سارے یہ یہاں جو ممبران بیٹھے ہوئے ہیں، ذلیل یہ ہوتے ہیں۔ نمبر ون لوڈ شیڈنگ، لوڈ شیڈنگ کی جب ہم نے کئی دفعہ بات اٹھائی فیڈرل منسٹر سے، منسٹر آف سٹیٹ سے تو وہ ہمیں دو Reasons بتاتے ہیں جو کہ دونوں Invalid ہیں، نمبر ون Reason وہ کیا بتاتے ہیں کہ جی پروڈکشن کم ہے، پروڈکشن کم ہے، اس کی تو چلیں پروڈکشن کم ہے، اس کو تو جو کرنا ہے کر رہے ہیں لیکن اس کے آگے وہ ہمیں بتاتے ہیں کہ جی آپ کے Line losses بہت زیادہ ہیں، تو میں نے Personally ان کو یہ کہا کہ جی Line losses زیادہ ہیں تو آپ اس کے خلاف ایکشن لیں، یہ دنیا میں کہاں کا قانون ہے کہ بجلی کی چوری میں کروں اور سزا شاہ فرمان صاحب کو ملے؟ اگر کسی کا ہمسایہ بل نہیں دیتا تو آپ جو پورا بل دے رہے ہیں، اس کو کیوں سزا دے رہے ہیں؟ یہ کہیں نہیں ہوتا لیکن کہہ رہے ہیں کہ جی اس پر Line losses زیادہ ہیں تو ان ساروں کی بجلی بند کر دیتے ہیں، یہ نمبر ون Invalid reason ہے۔ پھر نمبر ٹو وجہ کیا بتاتے ہیں کہ جی ہم آپ کو بجلی پوری دینا چاہتے ہیں لیکن آپ کا سسٹم نہیں اٹھا سکتا، تو خواجہ آصف صاحب کو میں نے یہ کہا کہ جی یہ سسٹم تو ہمارا نہیں ہے، سسٹم تو پیسکو کا ہے، سسٹم تو آپ کا ہے، آپ کو چاہیئے کہ آپ سسٹم کو Strengthen کریں، آپ سسٹم میں انویسٹمنٹ کریں، آپ سسٹم میں پیسہ لگائیں، تو کہتے ہیں کہ جی ہم کر رہے ہیں۔ تو پہلے ایک آدمی کو کمزور رکھتے ہیں، اس کو کھانا کم دیتے ہیں کہ جو کمزور ہے، پھر جب وہ کہتے ہیں کہ جی کھانا دیں تو آپ کہتے ہیں نہیں تم کمزور ہو اس وجہ سے ہم زیادہ نہیں دے سکتے۔ عجیب سی بات ہے کہ سسٹم بھی ان کا ہے، انویسٹمنٹ بھی انہوں نے کرنا ہے اور کہتے ہیں کہ جی آپ کا سسٹم کمزور ہے، بجلی زیادہ نہیں اٹھا سکتا۔ اس کیلئے ہم نے ان سے کئی دفعہ، لیکن یہ میں آپ کو وجہ بتاتا ہوں کہ وجہ کیا بیان کرتے ہیں، Invalid reason۔ پھر اس کے بعد ٹرانسفارمرز کی بات آجاتی ہے، ٹرانسفارمرز ایک تو سارے صوبائی اسمبلی کے ممبران، صوبائی محکموں نے، ہاسپٹلز نے، سکولوں نے پیسے جمع کرائے ہوئے ہیں اور ان کو ٹرانسفارمرز نہیں ملتے، ٹرانسفارمرز نہیں ملتے، اب مجھے یہ بتائیں کہ اگر ٹرانسفارمرز خریدنا کوئی اتنا بڑا مسئلہ ہے، پیسوں کی بات ہے نا، پیسے سال دو سال، پانچ سال سے اربوں روپے، اربوں روپے صوبائی حکومت کے پڑے ہوئے ہیں اور انہی پیسوں کے، ٹرانسفارمرز لگانا ہماری ذمہ داری نہیں ہے، بل بجلی کا کون لیتا ہے؟ بجلی اگر کوئی استعمال کرتا ہے، اس سے پیسکو بل لیتا ہے، صوبائی حکومت تو نہیں لیتا، ٹرانسفارمرز ٹھیک کرنا، ٹرانسفارمرز سپلائی کرنا، ٹرانسفارمرز لگانا، بجلی کا کھمبا لگانا، تار لگانا، یہ ساری پیسکو کی

ذمہ داری ہے، وہ پوری نہیں کرتا اس کے ہم پیسے دیتے ہیں، صوبائی حکومت پیسے دیتی ہے اور اس کے باوجود وہ نہیں دیتے۔ تو اگر پیسے ہم دے رہے ہیں تو ٹرانسفارمرز خریدنے میں کونسی ایسی بڑی بات ہے کہ وہ ٹرانسفارمرز بھی نہیں خرید کر کے دے سکتے، اور پھر اگر ہم اعتراض کرتے ہیں تو پھر کہتے ہیں، یہ جی آپ سیاسی مخالفت کی وجہ سے کر رہے ہیں۔ پھر اس کے بعد ٹرانسفارمرز ٹھیک کرنا جو کہ آج کا مسئلہ ہے۔ ٹرانسفارمرز خراب ہوتے ہیں، سو سو، دو سو لوگ، پانچ پانچ سو لوگ ہم لوگوں کے گھروں میں، ہم لوگوں کے حجروں میں لوگ آتے ہیں کہ جی ٹرانسفارمر جلا ہوا ہے، آپ ٹھیک کر کے دیں۔ اب ٹھیک بات وہ کرتے ہیں، وہ کہتے ہیں کہ جی اس گرمی میں بچے بوڑھے بیچارے کیسے گرمی میں گزارا کریں گے اور جب ہم پیسکو کو کہتے ہیں، کہتے ہیں کہ جی بیس دن لگیں گے، پندرہ دن لگیں گے، پچیس دن لگیں گے ٹرانسفارمر کو Repair کرنے میں، تو جب ہم انہیں کہتے ہیں کہ جی اس پر تو اتنے دن لگیں گے، لوگ جو آئے ہوتے ہیں، وہ کہتے ہیں کہ جی آپ اپنی جیب سے کریں، ایک ٹرانسفارمر پر آپ کو پتہ ہے کہ پچاس ہزار، اسی ہزار، ایک لاکھ روپے لگتے ہیں تو میں نے اپنے حلقے کے لوگوں سے سنا ہے کہ آپ اپنی جیب سے کریں، میں نے کہا جی میری جیب تو اتنی اجازت نہیں دیتی کہ حلقے میں روزانہ دو چار ٹرانسفارمرز جلتے ہیں، وہ اگر میں اپنی جیب سے کروں تو یہ لاکھ ڈیڑھ لاکھ روپے دن کا خرچہ ہے، مہینے کا تیس چالیس لاکھ روپے بنتے ہیں تو یا تو مجھے اس کیلئے کرپشن کرنا پڑے گی، میں نے ان کو پشتو میں کہا، میں نے کہا" بیا بہ تاسو نہ خرمن اوباسم نو بس هغه پیسې به په دې باندې لګوم نو وائی دا خو به نه کوې" تو پھر مسئلہ یہ آتا ہے کہ جب ہم اسے کہتے ہیں Repair کیلئے کہ آپ ٹھیک کریں، ٹھیک کریں اس کو، جی ہمارے پاس دو ورکشاپ ہیں، تو جب ہم انہیں کہتے ہیں کہ جی دو ورکشاپ ہیں تو ان کو تین کر دیں، چار کر دیں، ہاں ٹھیک ہے کر دیں گے۔ یہ میں آپ کو سارے وہ مسئلے بتا رہا ہوں کہ جوان سے ہماری ڈسکشن ہوئی ہے۔ نیٹ ہائیڈل پرافٹ ہے، اچھا نیٹ ہائیڈل پرافٹ ہے، ان سے کئی دفعہ بات ہوئی، وہ شاہ فرمان صاحب والی بات وہ اکثر لوگ کہتے ہیں، وہ پشتو میں ایک مثال ہے کہ هغه پولیس والا وائی۔ وائی کار هم مه کوه، انکار هم مه کوه۔ تو جب انہیں کہتے ہیں کہ نیٹ ہائیڈل پرافٹ ہے، یہ ہمارا حق ہے دے دیں، ہاں جی، بالکل آپ کا حق ہے، آپ کو دیتے ہیں، اس کو ہم سی سی آئی میں لے کے جائیں گے، کیوں لے کے جائیں گے؟ جب Cap کیا تھا تو سی سی آئی نے Cap کیا تھا؟ نہیں، جب Uncapping کر رہے ہیں تو کہتے ہیں اس کو سی سی آئی میں لے کے جائیں، ہم نے کہا سی سی آئی میں لے کے جائیں لیکن اس کو کم از کم ریلیز

کر دیں۔ یہ میں آپ کو ساری وہ باتیں بتا رہا ہوں کہ جو ان سے ہماری کئی دفعہ یہ مسلسل، یہ نہیں کہ ہم ان سے کوئی ڈسکشن نہیں کرتے یا میٹنگز نہیں کرتے، 13.5% اس صوبے کا حق بنتا ہے، 10% دے رہے ہیں، یہ آج سے نہیں، یہ کئی سالوں سے 10% دے رہے ہیں۔ اچھا جب انہیں کہتے ہیں کہ کیوں بجلی کم دیتے ہیں تو کہتے ہیں کہ جی سارے صوبوں کو کم دیتے ہیں، تو ہم انہیں کہتے ہیں کہ جب سارے صوبوں کو کم دیتے ہیں تو وہ زیادہ کس کو دیتے ہیں، اگر سارے صوبوں کو کم دے رہے ہیں تو کسی کو تو زیادہ دیتے ہوں گے نا، جب بجلی کی پروڈکشن ہو رہی ہے تو کہتے ہیں کہ وہ بھی نہیں بتاتے، اب آخری بات، میں اس بات کو کہ کئی دفعہ یہ باتیں ہوئیں اور عجیب مصیبت یہ ہے کہ اگر میں اپنے گناہ میں ذلیل ہوں تو میں کہوں گا کہ ہاں ٹھیک ہے میری غلطی تھی، میرا گناہ تھا لیکن پرائے گناہ میں ہم لوگ ذلیل ہو رہے ہیں اور یہ میں میڈیا کے حضرات سے بھی یہ ریکویسٹ کروں گا کہ یہ کم از کم لوگوں کو بتائیں کہ یہ واپڈا، یہ پیسکو صوبائی حکومت کے کنٹرول میں نہیں ہے لیکن کم از کم جس طرح یہاں پہ بات ہوئی، اگر یہ لوگ پھر تنگ ہو گئے تو پھر مجبوراً یہ لوگ جائیں گے، سارے لوگ جائیں گے، پھر تربیلا گئے جہاں بھی گئے اور زبردستی اگر وہ لائن کاٹیں، جو بھی کاٹے پھر کیا کرے گی پولیس، کتنے لوگوں پہ لاٹھی چارج کرے گی، کتنے لوگوں پہ آنسو گیس پھینکے گی، کتنے لوگوں پہ گولیاں چلائے گی؟ لیکن مجبوری ہے، پھر جب لوگ تنگ ہوں گے، ہم تو کوشش کر رہے ہیں کہ یہ مسئلہ افہام و تفہیم سے حل ہو جائے اور جس طرح آپ نے کہا کہ آج صبح بھی چیف منسٹر صاحب نے بات کی لیکن پھر ہم جو پہلے کمیٹی بنائی تھی، اس کو اکٹھا کر کے پھر فیڈرل گورنمنٹ سے بات کر لیتے ہیں کہ جی خدا کیلئے ہم کچھ زیادہ نہیں مانگ رہے ہیں، ہم صرف اپنا حق مانگ رہے ہیں جو ہمارا بنتا ہے، ہمیں زیادہ بجلی نہ دیں، 13.5% جو ہمارا حق بنتا ہے، وہ دیں جو پیسے ہم نے دیئے ہوئے ہیں، ان پیسوں کے ہمیں ٹرانسفارمرز دیں، ٹرانسفارمرز جو Repair کرنا آپ کی ذمہ داری بنتی ہے، آپ وہ Repair کر کے دیں اور آخری بات کہ واپڈا میں، پیسکو میں مجھے کئی دفعہ انہوں نے کہا کہ جی آپ ایکشن لیں تو میں نے کہا یہ تو وہی والی بات ہو جائے گی کہ مدعی سست اور گواہ چست، اگر آپ کا محکمہ ہے، مجھے بتائیں کہ کتنے، پچھلے ایک سال میں میں نے تو نہیں سنا کہ کوئی ایس ای Suspend ہوا ہو، Terminate ہوا ہو، یہاں ہزاروں صوبائی ملازمین کے خلاف ایکشن لیا جاتا ہے لیکن مجھے بتا دیں کہ پیسکو کا اگر کوئی ایکسیئن، کوئی ایس ای، کوئی ایس ڈی او Terminate ہوا ہو، اس کے خلاف ایکشن لیا گیا ہو؟ جب تک ان کے خلاف ایکشن

نہیں لیا جائے گا، میٹر عام آدمی نہ ٹھیک کر سکتا ہے، نہ خراب کر سکتا ہے، وہی لوگ ملے ہوئے ہیں، جب تک ان کے خلاف ایکشن نہیں ہو گا تو میرے خیال میں یہ ٹھیک نہیں ہو گا۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔اس ایشو پہ کافی ڈسکشن ہوئی،اس پہ اس طرح کرتے ہیں کہ کل دو بجے پارلیمانی لیڈرز اور حکومت، یہ مشترکہ طور پر ایک جوائنٹ ریزولیوشن بھی بنالیں تاکہ کل ہم اس کو پاس کرائیں اور طریقے سے جو جو ایشوز ہیں، وہ اس میں Properly address ہو جائیں، کل دو بجے آپ لوگ آ جائیں اور اس پہ وہ۔۔۔۔۔

(اس مرحلہ پر جناب پرویز خٹک، وزیر اعلیٰ ایوان میں تشریف لائے)

(تالیاں)

جناب سپیکر: چیف منسٹر صاحب بھی آ گئے ہیں، اس ایشو پہ تو کافی Detailed discussion ہو گئی ہے تو میرے خیال میں چیف منسٹر صاحب! اس وقت مین ایشو واپڈا کے اوپر، لوڈشیڈنگ کے اوپر بہت سیریس ڈسکشن ہو رہی ہے اور تمام ارکان کے بہت Serious concerns ہیں کہ لوڈشیڈنگ ابھی اپنی حدود سے بہت آگے بڑھ گئی ہے اور اس کا سارا نزلہ عوام کے اوپر، تو آپ اگر اس کے اوپر Comments کرنا چاہتے ہیں تو چیف منسٹر صاحب کو، اور اس میں ایک تجویز یہ آئی ہے کہ جو کمیٹی آپ نے بنائی تھی، جو Negotiation کر رہی تھی، اس کمیٹی کو Activate کیا جائے اور اگر آپ کے پاس کل ٹائم ہو تو کل دو بجے ایک میٹنگ کی جائے، اس کیلئے کوئی ترتیب بنائی جائے۔پلیز، چیف منسٹر صاحب!

(تالیاں)

جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ): سپیکر صاحب! میں سب سے پہلے تو اپوزیشن کا شکر گزار ہوں کہ اس ایشو پر انہوں نے ہمارے ساتھ مکمل تعاون کیا اور ہم اسلام آباد گئے اور پورا ایک سلسلہ جاری رہا۔اس کے بعد Continuously میری میٹنگز فیڈرل منسٹر کے ساتھ اور سیکرٹریز اور Different ان کے جو ادارے ہیں، سب سے میٹنگز ہوتی رہیں اور ہمارے ایشوز ڈسکس ہوتے رہے لیکن Specially لوڈشیڈنگ پہ میں نے یا ہم سب نے مل کر ادھر اسلام آباد میں ایک پوائنٹ Raise کیا تھا کہ 2008 سے ہمارے صوبے کو 10% کے حساب سے شیئر جو پاکستان میں Daily produce ہوتی ہے بجلی، جس میں ہمارا 13.7% something exact share ہے، اس شیئر کی بجائے ہمیں 2008 سے 10% دیا جا رہا ہے، یہ ایشو میں نے ان کے ساتھ اٹھایا کہ ہمارا اپنا جو حق بنتا ہے، یہ نہیں کہ ہماری تو ویسے بھی ایکسٹرا بجلی ہے، ہم یہ

نہیں کہتے کہ ہمیں اپنی ساری بجلی دے دو لیکن پاکستان میں جو شیئر ہے، وہ ہمیں ملنا چاہیئے، وہ میرے خیال میں تین چار، پانچ مہینے میٹنگز ہوتی رہیں اور افسوس مجھے اس بات پر ہے کہ فیڈرل منسٹر، فیڈرل سیکرٹریز Agree کر جاتے تھے، یہاں کے چیف پیسکو مجھے سمجھ نہیں آئی کہ وہ اس کو 'ڈاج' کرتا رہا، کئی رنگ برنگ قصے سناتا رہا کہ اگر ہم یہ بجلی لیتے ہیں تو ہم اس کو پورا استعمال نہیں کر سکتے۔ میں نے ان سے بحث کی، جہاں استعمال ہو سکتی ہے، ہماری ایک یونٹ بجلی بھی ہمارے صوبے سے باہر نہیں جانی چاہیئے، Finally ان کے ساتھ ایک شیڈول ہم نے طے کیا ہے جس پہ ابھی بھی مجھے اعتراضات ہیں کہ جب ہماری بجلی پوری ہو گی اور 13.7% کے حساب سے ہمیں اپنی بجلی ملے گی تو لوڈشیڈنگ میں ہر جگہ دو دو، تین تین گھنٹے بآسانی کمی آسکتی ہے۔ ساتھ ساتھ انہوں نے ایک شیڈول بنادیا ہے، یہ تقریباً 180 فیڈرز ہیں Something جو وہ کہتے ہیں کہ وہ لوڈشیڈنگ فری ہوں گے جہاں پر چوری یا وہاں پر Losses جس فیڈر پہ کم ہیں، وہ کہتے ہیں کہ اس پر ہم نے زیرو لوڈشیڈنگ کر دی ہے جس کے بارے میں ایک میٹنگ میں کل یا پرسوں رکھوں گا اور اپوزیشن کے دوستوں میں جو اپوزیشن لیڈرز ہیں، میں ان کو ٹائم بتادوں گا، وہ بھی آکے بیٹھ جائیں تاکہ یہ مسئلہ مستقبل کیلئے حل ہو جائے۔ وہ میں یہ چاہتا ہوں یا ہماری اپنی سوچ ہے کہ جتنی Percentage کی بجلی، ہمیں ابھی ایکسٹرا جو ہماری اپنی بجلی تھی، وہ واپس آئے گی ہمارے فیڈرز میں تو اس کو میں چاہتا ہوں کہ اس حساب سے لوڈشیڈنگ کو کم کیا جائے۔ ان کی سوچ یہ ہے کہ نہیں جہاں زیادہ چوری ہے، وہاں پر لوڈشیڈنگ زیادہ رہنی چاہیئے اور جہاں نہیں ہے، وہاں بالکل زیرو لوڈشیڈنگ کرتے ہیں۔ تو اس پر بیٹھ کر میں آپ سے تعان چاہوں گا، میں آپ کو، جو پارلیمانی لیڈرز ہیں، میں ان کو اطلاع دے دوں گا، اس پہ فیصلہ سے تقریباً وہ جو بجلی کی کمی ہے، وہ آنی شروع ہو چکی ہے۔ ہمارے صوبے میں کبھی پانچ سو میگاواٹ، چھ سو میگاواٹ، بہت بڑا اس کا وہ بنتا ہے، پانچ چھ سو میگاواٹ بجلی کافی بجلی ہے تو وہ ہمارے صوبے میں آنی شروع ہو چکی ہے، صرف اس کا سسٹم بنانا ہے تو اس کی جب میٹنگ ہو گی، ان شاء اللہ میں آپ کو اطلاع دوں گا۔ ان سے میری دوسری یہ بات ہوئی جی کہ ہمارے صوبے کے جو Dues ہیں یا جیسے یہ ہمارے صوبے کا بجلی کا شیئر ہے، یہ ہمیں آپ دے دیں، Dues کی بات چل رہی ہے، ہمارے ساتھ فائنل ہو چکا ہے لیکن وہ پراسیس ہماری سرکار اتنا لمبا کر دیتی ہے کہ ایک کاغذ لکھنے میں مہینہ ڈیڑھ لگ جاتا ہے جس کے پیچھے میں ہر ہفتے ان سے پوچھ رہا ہوں کہ جلدی کریں۔ اب ایک بات پہ ان سے میری بات تقریباً فائنل ہو چکی ہے کہ اگر ہمارے صوبے کو اپنا حق مل گیا تو پھر ہماری Responsibility بنتی ہے کہ

جو صوبے میں لوگ کنڈے لگاتے ہیں، بجلی چوری کرتے ہیں جس کی وجہ سے سارا صوبہ لوڈشیڈنگ کی نذر ہے تو جتنی ہم چوری کم کریں گے اتنی ہی لوڈشیڈنگ کم ہوتی جائے گی اور ساتھ ساتھ جو ہمارے یہاں پر فیڈرز کی کمی ہے یا گرڈ سٹیشنز کی کمی ہے، اس پر بھی ہماری سلسلہ وار ان سے ڈسکشن ہوتی رہتی ہے کہ کہاں کہاں وہ کام، تھوڑا بہت اس پہ کام شروع ہو چکا ہے تو پھر اس اسمبلی کو، ہم سب کو پھر یہ بھی Commitment کرنا پڑے گا کہ پھر اس چوری کو روکنا ہے کیونکہ انہوں نے نہیں روکنا، صوبہ ہمارا ہے، لوڈشیڈنگ کا زور ہم سے نکل رہا ہے، گالیاں ہمیں پڑ رہی ہیں، میں نے ان کو کہا ہے کہ ایک سسٹم کے تھرو سب سے پہلے جہاں جہاں چوری ہو رہی ہے سارے صوبے میں، اس کی مکمل ایک رپورٹ بنائی جائے کہ کہاں کہاں کیا ہو رہا ہے اور اس کو مطلب ہے کہ خالی کاغذوں پہ نہیں، اس کی پوری ویڈیو فلم سب کچھ بنا کے دے دیں اور اسی سسٹم کے تھرو وہ ہم جو سرکاری آفیسرز ہیں، ان کو دے دیں گے کہ یہ تمہاری پوزیشن ہے، اب اس کو کلیئر کرنا ہے، اس کو کلیئر کرتے جائیں گے اور صاف ستھرا علاقہ ان کے حوالے کریں گے، پھر اس کے بعد ان سے حساب ہو گا کہ اب اس میں کیوں چوری ہو رہی ہے؟ تو یہ کافی چیزیں ہیں، یہ Under discussion ہیں تو اگر ہم سب مل کے بیٹھیں اور ایک فارمولہ طے کر دیں کہ ہم اپنا حق لے لیں اور پھر اپنا حق ادا کریں کیونکہ ان کے ساتھ سپورٹ میں پولیس اور عوام اگر نہ ہوں تو بہت مشکل ہے کہ ہم اس میں کامیاب ہو سکیں کیونکہ ہمارے لوگ عادی ہو چکے ہیں غلط کاموں میں، تو یہ جو کیا کہتے ہیں سخت فیصلے بھی کرنے پڑیں گے کیونکہ یہ ہمارا، اگر ہم نے یہ بجلی میں چوری اور یہ چیز ختم کر دی پھر ہمارا حق بنتا ہے کہ ہمارے صوبے میں لوڈشیڈنگ نہ ہو، ہمیں کیوں اس تکلیف میں ڈالا جا رہا ہے؟ تو جب بھی ہم بات کرتے ہیں تو آپ سوچیں %80 سے Above بجلی چوری ہو رہی ہے، %60 ہو رہی ہے، %40 ہو رہی ہے، %50 ہو رہی ہے، %20 ہو رہی ہے، مطلب ایسی کوئی جگہ نہیں ہے جہاں پر لوڈ میں اور سب میں یہ Differences آ رہے ہیں، اب وہ صحیح ہے، غلط ہے، وہ آیا خالی کاغذوں میں بھر رہے ہیں یا Actual ہے، تو اس وقت ہمارا سیکرٹری انرجی، پورا انرجی اینڈ پاور کا محکمہ ان کے ساتھ Daily رابطے میں ہے، Daily جتنی بجلی وہ صوبے کو دیتے ہیں، وہ Daily ہمیں رپورٹ کرتے ہیں کہ ہم Daily ادھر دے رہے ہیں، ادھر دے رہے ہیں، تو یہ اس وقت پوزیشن ہے، تو اگر ہم پیسکو سے مکمل صحیح طریقے سے اس لوڈشیڈنگ کو کنٹرول کر دیں اور یہ بہانہ ختم ہو جائے کہ فالٹ ہو گیا ہے اور اس بہانے میں پتہ نہیں کیا کیا کرتے ہیں، ہو سکتا ہے یہ اپنی چوری اس میں ایڈجسٹ کرتے ہوں گے کیونکہ میں نے چیف پیسکو سے

پوچھا کہ کیوں ہم اپنی، جب وہ کہتے ہیں ہم اپنی بجلی کیوں نہیں اٹھاتے، وہ کہتے ہیں کہ پھر وہ ہم سے اس کے پیسے مانگتے ہیں، میں نے کہا کہ جب بجلی استعمال کریں گے تو پیسے مانگیں گے، Losses already accept کرتے ہیں، تو اس میں کچھ گڑ بڑ ضرور ہے، وہ کہتے ہیں دال میں کچھ کالا ضرور ہے، اب ہم سب نے مل کر اس دال سے یہ کالا نکالنا ہے اور اس صوبے کو اپنا حق بھی دلانا ہے اور ادھر کام بھی کرنا ہے۔ تو میں ریکویسٹ کروں گا آپ کو، ان شاء اللہ میں آپ کو اطلاع دے دوں گا اور بیٹھ کے جو بھی سسٹم بن سکتا ہے، واپڈا اگر ٹھیک ہو جائے تو میرے خیال میں ہم سب کی زندگی میں آرام ہو جائے گا، ٹرانسفارمرز جلتے ہیں، روز جلتے ہیں، سمجھ نہیں آتی، یہ بھی کوئی طریقہ ہے، ان کو سسٹم کے ساتھ چلانا چاہیئے کہ یہ ٹرانسفارمر ہے، اس پر اتنا لوڈ ہونا چاہیئے، آگے اس پہ کنکشنز نہ دیئے جائیں، کیوں وہ ٹرانسفارمرز جلتے ہیں کیونکہ وہ 'اوورلوڈ' ہوتے ہیں، تو یہ ساری چیزیں دیکھنے کی ہیں، اس کو Set کرنے کی ہیں، تو ان شاء اللہ مل بیٹھ کر ہماری پوری کوشش جاری ہے کہ ٹرانسفارمرز جلتے ہیں، اب کیا کریں؟ میں نے کہا وہ ٹرالی استعمال کریں، ٹرانسفارمرز دیں، ان کے ساتھ میں Agree ہو چکا ہوں کہ اگر ایک ہزار ٹرالی بنانی ہیں، پانچ سو میں بناتا ہوں، پانچ سو آپ بنالیں، ٹرانسفارمرز دینے کو تیار ہیں تو یہ ساری چیزیں بس، تقریباً فائنل سٹیج پر ہم آچکے ہیں تو جب ہماری یہ Next meeting ہو گی تو ان شاء اللہ تعالیٰ اس میں ایک پکچر آپ کے سامنے آجائے گی اور کچھ نہ کچھ ریلیف ان شاء اللہ تعالیٰ اس صوبے کو مل جائے گا۔ مہربانی۔

<u>جناب سپیکر:</u> شکریہ جی۔

<u>جناب منور خان ایڈوکیٹ:</u> جناب سپیکر!

<u>جناب سپیکر:</u> جی۔

<u>جناب منور خان ایڈوکیٹ:</u> سر! میں نے واپڈا والوں سے-----

<u>جناب سپیکر:</u> جی میرے خیال میں اس ایشو پہ کافی ڈسکشن ہو گئی ہے۔

<u>جناب منور خان ایڈوکیٹ:</u> سر! میں نے واپڈا والوں سے ریکوری کی بات کی ہے اور یہ Responsibility سر! میں نے اپنے حلقے میں یہ کی ہے، انہوں نے میرے ساتھ یہ Agree کیا تھا کہ جتنی بھی ریکوری ہے یا ان کی جو Payment ہے، انہوں نے میرے ساتھ یہ کیا ہے کہ 70% ہم Write off کرتے ہیں اور 30% آپ Pay کرلیں، تو اس حلقے میں انہوں نے میرے ساتھ اس طرح کیا، 70% انہوں نے Write off کیا اور 30% ہم نے Payment کی ہے اور وہاں پہ ابھی ان کو بجلی

مل رہی ہے، ایم پی ایز یہ دینے کو اور پبلک بھی اس کو چلانے کیلئے تیار ہے سر! لیکن کوئی ہمارے ساتھ بیٹھے کم از کم، ہم پیسے بھی دینے کیلئے تیار ہیں، عوام بھی دے رہے ہیں سر۔

جناب سپیکر: یہ اس کے اوپر جو ہے نا، ایک تو جوائنٹ ریزولیوشن کل آپ لوگ لے کر آئیں گے، آپ مشاورت سے ایک جوائنٹ ریزولیوشن لے کر آئیں اور اس میں تمام پوائنٹس، پوائنٹ ٹو پوائنٹ تمام ایشوز کو آپ Address کر لیں، عاطف خان! آپ کی Responsibility ہے، آپ ایک ریزولیوشن بنا کے جو ایشوز ہیں، وہ ان سب پارلیمانی لیڈرز کے ساتھ ڈسکس کر کے پھر اسمبلی سے ہم پاس کروالیں گے۔۔۔۔۔

جناب وجیہہ الزمان خان: سر!

جناب سپیکر: وجیہہ الزمان صاحب! آپ بس مختصر کیونکہ چیف منسٹر صاحب بول چکے ہیں، اس کے بعد موقع نہیں ہوتا، بس جی، جی۔

جناب وجیہہ الزمان خان: تھینک یو سر۔ سر، یہ ٹرانسفارمرز جب جل جاتے ہیں تو سر! بچپن میں ہمیں یاد ہے، بیس بیس سال کبھی ٹرانسفارمر نہیں جلا تھا، یہ بھی گھناؤنا کاروبار بن گیا ہے، اس میں جو پرائیویٹ ادارے آپ نے بنائے ہیں Repair کیلئے، وہ خود اس میں ملوث ہیں، ٹرانسفارمرز چوری ہو رہے ہیں، ٹرانسفارمرز جلتے ہیں، غریبوں سے پیسے ڈیمانڈ کئے جاتے ہیں اور یہ گھناؤنے کاروبار کی شکل اختیار کر گیا ہے۔ اس میں جب تک واپڈا والے اپنے ہر ڈسٹرکٹ میں ایک ورکشاپ نہیں Provide کریں گے جو سرکاری طور پہ اس کو Repair نہیں کرے گا اور ان کے پاس Stand by ٹرانسفارمرز ہوں گے کہ جیسے ہی ٹرانسفارمر جل جاتا ہے، وہ دوسرا Replacement میں دیں اور اس کو Repair کر کے Free میں دیں جب تک یہ پیسے Involve ہوں گے تو یہ کاروبار نہیں ختم ہو سکتا۔ سر! ون۔۔۔۔

جناب سپیکر: اذان ہو رہی ہے۔

(عصر کی اذان)

جناب سپیکر: وجیہہ الزمان صاحب! پلیز مہربانی، Short، بس ایک۔۔۔۔

جناب وجیہہ الزمان خان: سپیکر صاحب! گزارش یہ ہے کہ جب ایک ٹرانسفارمر لگتا ہے سر! اس میں Capacity ہوتی ہے کہ یہ ٹرانسفارمر کتنے میٹرز کو اٹھا سکتا ہے، اگر وہ جلتا ہے تو ایس ڈی او سے یا ایکسیئن سے کیوں نہیں پوچھا جاتا کہ یہ کیوں جلا ہے؟ کوئی پوچھ گچھ نہیں ہے۔ جتنے جل رہے ہیں، آ رہے ہیں، لوگوں سے پیسے لیے جا رہے ہیں تو وہ ایک طرح کا کاروبار ہے، کوئی اس میں سوال نہیں ہے۔ یہ گورنمنٹ

جو بل لیتی ہے بجلی جلانے کا تو اس کی ڈیوٹی ہے کہ وہ ٹرانسفارمر وغیرہ چیزیں ٹھیک کرکے آپ کو Provide کرے، ون سر۔ سیکنڈ یہ کہ جو یوپی ایس ہم نے لگائے ہوئے ہیں، یوپی ایس جو ہے، اس کی Double consumption ہے اور Output اس کی سنگل ہے، تو میں سمجھتا ہوں کہ پورے ملک میں اگر یوپی ایس ختم کردیئے جائیں تو لوڈ شیڈنگ آپ کی آدھی ویسے ہی ختم ہو جائے گی اور یوپی ایس کی جگہ جنریٹرز کو پروموٹ کیا جائے اس وقتی ضرورت کیلئے، ویسے تو گورنمنٹ کی Responsibility ہے بجلی Provide کرنا، سیکنڈ یہ ایم این ایز اور سینیٹرز کا کام ہے کہ وفاق میں بولیں، وفاقی محکمہ ہے، کہ آپ کا سٹاف ہی موجود نہیں ہے، آپ کسی ایس ڈی او کے آفس میں چلے جائیں، وہاں پہ اگر ستر آدمیوں کی ضرورت ہے تو وہاں پہ سات بھی موجود نہیں ہیں، آپ کے پاس میٹر ریڈر نہیں ہے، ٹکے پہ سارے وہ Assessment کرکے تو وہ آپ کو بل بھجواتے ہیں اور اس میں۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: شکریہ جی۔

<u>جناب وجیہہ الزمان خان</u>: سر! چوری جو ہے، وہ ڈیپارٹمنٹ کی مدد سے ہوتی ہے، اگر ڈیپارٹمنٹ نہ ہونے دے تو سوال نہیں پیدا ہوتا کہ چوری ہو۔

<u>جناب سپیکر</u>: شکریہ جی۔ (محترمہ نگہت اورکزئی سے) میڈم! میں، میڈم! میں آپ سے، ایک منٹ، میڈم نگہت اورکزئی! اٹینشن پلیز۔ میڈم! جو قصور کے حوالے سے آپ نے وہ کیا ہے تو ایک جوائنٹ ریزولیوشن آج پاس کرتے ہیں، واپڈا کے حوالے سے کل، تو ایک بنا کے تاکہ ہم اس کو پاس کرلیں۔ اچھا اس ایشو پہ تو کافی۔۔۔۔

<u>نوابزادہ ولی محمد خان</u>: جناب سپیکر!

<u>جناب سپیکر</u>: آپ اس ایشو پہ بات کرنا چاہتے ہیں، نوابزادہ؟

<u>نوابزادہ ولی محمد خان</u>: جی سر۔

<u>جناب سپیکر</u>: تو اس پہ کافی ڈسکشن ہو گئی ہے، یہ چھٹی کی کچھ درخواستیں ہیں، یہ میں آپ کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں۔ یہ ریزولیوشن میڈم! آپ بنالیں، میڈم! ابھی آپ ریزولیوشن بنالیں۔ پلیز، آپ Consult کرکے ریزولیوشن بنائیں، آج ہی ہو جائے اچھا ہے، کل پھر دوسرا چلے گا، پھر وہ اس کی۔۔۔۔

<u>محترمہ نگہت اورکزئی</u>: سر! میں اس پہ بات کرنا چاہتی ہوں کہ میں نے سب پارلیمانی لیڈرز سے اور گورنمنٹ سے اس کا ڈرافٹ بنادیا تو وہ ابھی ٹائپ ہو رہا ہے تو ابھی دو منٹ میں وہ ہم لیں گے۔

جناب سپیکر: اوکے اوکے۔

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: یہ چھٹی کی کچھ درخواستیں ہیں: جناب سردار سورن سنگھ صاحب 10-08-2015 و 11-08-2015؛ جناب صالح محمد صاحب 10-08-2015؛ محترمہ نادیہ شیر صاحبہ 10-08-2015؛ جناب ڈاکٹر حیدر علی صاحب 10-08-2015؛ جناب محمد علی صاحب 10-08-2015 و 11-08-2015؛ جناب ابرار حسین صاحب، ایم پی اے 10-08-2015؛ جناب ضیاء الرحمان صاحب، ایم پی اے 10-08-2015؛ جناب سردار ظہور صاحب، ایم پی اے 10-08-2015؛ محترمہ نجمہ شاہین صاحب، ایم پی اے 10-08-2015؛ محترمہ فوزیہ بی بی پورے اجلاس کیلئے۔ منظور ہے جی؟

(تحریک منظور کی گئی)

جناب سپیکر: یہ آج باقی ایجنڈے کو میں مؤخر کرتا ہوں اور یہ جو آئٹم نمبر 08 ہے، آنریبل منسٹر فار لاء، آنریبل منسٹر فار لاء، آئٹم نمبر 8، جی امتیاز شاہد صاحب!

جناب عسکر پرویز: جناب سپیکر! میں اس پر بات کرنا چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر: ایک منٹ، وہ مؤخر کر دیا۔

جناب عسکر پرویز: سپیکر صاحب! میرا ایک پوائنٹ ہے اس میں۔

جناب سپیکر: کس حوالے سے؟

جناب عسکر پرویز: یہ ہندو اور کرسچن میرج ایکٹ کے بارے میں۔

جناب سپیکر: جی جی، بسم اللہ۔

جناب عسکر پرویز: تھینک یو مسٹر سپیکر۔ سپیکر صاحب! یہ ایک۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ ویسے طریقہ یہ ہے، یہ پیش کریں پھر اس کے بعد آپ بات کر لینا، پہلے پیش تو ہو جائے۔

جناب عسکر پرویز: اچھا، چلیں ٹھیک ہے جی۔

جناب سپیکر: جی، امتیاز شاہد صاحب۔

قرارداد

Minister for Law: Mr. Speaker! In pursuance of Article 144 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, the Provincial Assembly of the Khyber Pakhtunkhwa hereby resolves that the

Majlis-e-Shoora [Parliament] may by law regulate the matters pertaining to Hindu Marriage, Christian Marriage and Christian Divorce.

جناب سپیکر: جی۔

جناب عسکر پرویز: تھینک یو مسٹر سپیکر۔ مسٹر سپیکر! یہ جو قرارداد پیش کی گئی ہے گورنمنٹ کی طرف سے ہندو میرج، کرسچن میرج ایکٹ کیلئے، ہم اس کی مکمل سپورٹ کرتے ہیں لیکن اس کے اندر جو اس کا نام رکھا گیا ہے، یہ ہے "Hindu Marriage, Christian Marriage and Christian Divorce" تو میں اس ایوان کو بتانا چاہتا ہوں کہ کرسچنز کے اندر Divorce ہوتی نہیں ہے تو میری درخواست ہوگی یا تو اس کو ڈیفر کر کے تھوڑا ساڈسکس کر لیں یا پھر اس کے اندر ایک امنڈمنٹ کر کے یہ جو Divorce کا لفظ ہے، اس کو بیچ میں سے Amend کر دیں۔

جناب سپیکر: جی امتیاز صاحب۔

وزیر قانون: ٹھیک ہے جی، اگر ان کے کرسچن اس میں Divorce نہیں ہے تو ہم اس سے Divorce کا لفظ حذف کر لیتے ہیں۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے، اوکے جی۔

The motion before the House is that the resolution, moved by the honourable Minister, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes'.

Members: Yes.

Mr. Speaker: Those who are against it may say 'No'.

Members: No.

جناب سپیکر: آواز نہیں آئی آپ لوگوں کی، نہ کسی نے Yes کہا، پھر میں ایک دفعہ بول دیتا ہوں۔

The motion before the House is that the resolution as amended, moved by the honourable Minister, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The resolution is passed unanimously as amended.

مجلس منتخبہ کی رپورٹ کی مدت میں توسیع

(خیبر پختونخوا پریونشن آف کانفلیکٹ آف انٹرسٹ مجریہ 2015)

Mr. Speaker: Item No. 9, honourable Minister for Law.

Minister for Law: Mr. Speaker Sir, I, on behalf of the honourable Chief Minister, move that under rule 94 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, the time for presentation of the report of the Select Committee on the Khyber Pakhtunkhwa, Prevention of Conflict of Interest Bill, 2015, may be extended till date.

Mr. Speaker: The motion before the House is that extension in period may be granted to the honourable Minister, to present the report of Select Committee regarding the Prevention of Conflict of Interest Bill, 2015, under sub rule (1) of rule 94 of the Rules of Procedure, 1988? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Extension in period is granted.

مجلس منتخبہ کی رپورٹ کا پیش کیا جانا

(خیبر پختونخوا پریونشن آف کانفلیکٹ آف انٹرسٹ مجریہ 2015)

Mr. Speaker: Item No. 10, honourable Minister for Law.

Minister for Law: Mr. Speaker Sir, I, on behalf of the honourable Chief Minister, present the report of the Select Committee on Khyber Pakhtunkhwa, Prevention of Conflict of Interest Bill, 2015, in the House.

Mr. Speaker: It stands presented. Item No. 11 and 12, honourable Minster for Law.

Minister for Law: Mr. Speaker Sir, I, on behalf of the honourable Chief Minister, move that the Bill, as reported by the Select Committee on Khyber Pakhtunkhwa, Prevention of Conflict of Interest Bill, 2015, may be taken into consideration at once.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Prevention of Conflict of Interest Bill, 2015 may be taken into consideration at once? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. 'Consideration Stage': Since no amendment has been moved by any honourable Member in Clauses 1 to 65 of the Bill, therefore the Bill-----

(Interruption)

Mr. Speaker: Therefore-----

(Interruption)

جناب سپیکر: جی جی، جی جی آپ، منور خان صاحب، جی۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر! یہ تو جب کمیٹی میں ڈسکشن ہو رہی تھی تو اس میں یہ Decide ہوا تھا کہ جو بھی فائنل سٹیج ہو گی تو کمیٹی کے ساتھ اس کو ڈسکس کریں گے لیکن ابھی تک سر! ہم نے کمیٹی میں اس کو کبھی لایا نہیں ہے، نہ ہی اس پر ڈسکشن کی ہے اور آپ نے رپورٹ بھی Submit کی ہے اور آپ ابھی پیش بھی کر رہے ہیں اور پاس بھی کرا رہے ہیں۔ سر! یہ تو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: لاء منسٹر صاحب!

جناب منور خان ایڈوکیٹ: آپ پانچ دس منٹ میں ہم کیسے پڑھیں گے اور کیسے اس کو وہ کریں گے سر؟

جناب سپیکر: جی جی، منسٹر لاء!

وزیر قانون: جی، اگر ان کو اعتراض ہے تو اس کو پینڈنگ کر کے اس پر بات کر لیتے ہیں، پھر بعد۔۔۔۔۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جی، اس پر ڈسکشن کرنے کے بعد اس کو پیش کر لیں، اس پر بات کر لیں۔

جناب سپیکر: Next اس میں ڈال لیں، ٹھیک ہے جی جی، لیکن یہ ایک ہفتے کے اندر اندر آپ تمام اس کو، امتیاز شاہد صاحب! اچھا دس دن کے اندر، امتیاز شاہد صاحب! دس دن کے اندر آپ نے پھر اسمبلی میں رپورٹ پیش کرنی ہے۔

مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا پولیس آرڈر مجریہ 2015 کا زیر غور لایا جانا

Mr. Speaker: Item No. 13, honourable Minister for Law, Imtiaz Shahid Sahib.

Minister for Law: Mr. Speaker Sir, I, on behalf of the honourable Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa, beg to move the Khyber Pakhtunkhwa, Police Order (Amendment) Bill for consideration please.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Police Order (Amendment) Bill, 2015 may be taken into consideration at once? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. 'Consideration Stage': Since no amendment has been moved by any honourable Member in Clause 1 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clause

1 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Clause 1 stands part of the Bill. Amendment in Clause 2 of the Bill: Syed Jafar Shah.

Mr. Jafar Shah: Thank you, Janab Speaker. I beg to move that in Article 168A, as referred to in Clause 2 of the Bill, after the word "members" the words "who have respect and refute in the society for their honesty and impartiality and shall include minimum one female member" may be inserted.

جناب سپیکر: لاء منسٹر!

وزیر قانون: میں جعفر شاہ صاحب کی امنڈمنٹ سے اتفاق کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: جی۔

جناب جعفر شاہ: تھینک یو۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the amendment, moved by the honourable Member, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The amendment is adopted and stands part of the Bill. Long Title and Preamble also stand part of the Bill.

مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا پولیس آرڈر مجریہ 2015 کا پاس کیا جانا

Mr. Speaker: 'Passage Stage': Law Minister, please.

Minister for Law: Mr. Speaker Sir, I beg to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Police Order (Amendment) Bill, 2015 may be passed.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Police Order (Amendment) Bill, 2015 may be passed with amendment? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Bill is passed with amendment. Madam Nighat Orakzai.

محترمہ نگہت اورکزئی: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔اس مشترکہ قرارداد پر جناب عنایت اللہ خان صاحب کے دستخط ہیں، جناب عاطف خان صاحب کے، جناب جعفر شاہ صاحب کے، جناب شاہ حسین صاحب کے، اورنگزیب نلوٹھا صاحب کے، امتیاز قریشی صاحب کے، بخت بیدار صاحب کے، جناب اکبر حیات صاحب کے اور میرا Sign ہے۔

جناب سپیکر! یہ صوبائی اسمبلی قصور میں معصوم بچوں کے ساتھ-----

جناب سپیکر: جی، یہ Rules relax کرلئے جائیں، پہلے وہ کریں۔

جناب جعفر شاہ: دا ما تہ راکڑہ۔

محترمہ نگہت اورکزئی: نو زہ بہ بیا څه کومہ، 240 باندې دے کنه؟

جناب سپیکر: چلو رولز میں آپ کو۔

محترمہ نگہت اورکزئی: سر! میں نے رولز-----

جناب سپیکر: ٹھیک ہے۔Is it the-----

محترمہ نگہت اورکزئی: 240۔

جناب سپیکر: Rules relaxation کیلئے تو پھر میں تو ہاؤس کے سامنے تو-----

قاعدہ کا معطل کیا جانا

محترمہ نگہت اورکزئی: Rule 240 کے تحت جو ہے تو اس میں Rule کو Relax کرنے کی اجازت چاہتی ہوں تاکہ یہ قرارداد، مشترکہ قرارداد جو ہے اس کو پیش کروں۔

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that rule 124 may be relaxed under rule 240 to allow the honourable Members to move their resolution? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Please.

محترمہ نگہت اورکزئی: سب نام پھر دوبارہ پڑھتی ہوں۔

جناب سپیکر: بسم اللہ۔

محترمہ نگہت اورکزئی: دوبارہ نا

جناب سپیکر: پیش کریں۔

محترمہ نگہت اورکزئی: اچھا جی۔

قرارداد

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب! یہ ایک مشترکہ قرارداد ہے اور اس پہ جناب عنایت اللہ خان صاحب کے دستخط ہیں، جناب عاطف خان صاحب کے ہیں، جعفر شاہ صاحب کے ہیں، شاہ حسین صاحب کے ہیں، اورنگزیب نلوٹھا صاحب کے، امتیاز قریشی صاحب کے، بخت بیدار صاحب کے، اکبر حیات خان صاحب کے اور میرا Sign ہے۔

جناب سپیکر! یہ صوبائی اسمبلی قصور میں معصوم بچوں کے ساتھ رونما ہونے والے واقعے کی پرزور مذمت کرتی ہے اور مرکزی حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ وہ پنجاب حکومت کو ہدایت کرے کہ واقعے میں ملوث ملزمان کو سخت ترین سزا دے اور ان کو کیفر کردار تک پہنچانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کرے۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the joint resolution, moved by the honourable Members, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The resolution is adopted unanimously. The sitting is adjourned till 03:00 pm of tomorrow afternoon.

(اجلاس کل بروز منگل مورخہ 11 اگست 2015ء بعداز دوپہر تین بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)